کم تعلیم یافتہ دیہاتی تک استفادہ کر سکتے ہیں۔

ہمارے پاک رسولؐ از طالب الہاشمی ۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز ۔ ۲۳۔ راحت مارکیٹ اردو بازار ۔ لاہور ۔ سفید کاغذ ، صفحات : ۲۳۲ ۔ قیمت : دس روپے ۔ (موجودہ مارکیٹ ریٹ کے لحاظ سے ارزاں ہے)۔

ہمارے فاضل دوست اور مخلص بھائی طالب الہاشمی صاحب نے اب بچوں کے لیے کتابیں لکھنے کے اہم تر کام کا آغاز بھی کر دیا ہے۔ پچھلے عرصے میں نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت نصابی اور غیر نصابی دونوں سطحوں پر بچوں کے لیے پیش کرنے کے چند تجربات ہوئے ہیں۔ یہ تازہ تجربہ خاص اہمیت رکھتا ہے۔

رسول اللہ کی زندگی کے تمام اہم ابواب کو نہایت مختصر صورت اور آسان زبان میں پیش کرنے کی بہت اچھی کوشش ہے۔ مؤلف نے خاص اہتمام اس بات کا رکھا ہے کہ سیرت کے واقعات بہت صحت کے ساتھ نوجوانوں اور طلبہ تک منتقل ہوں۔ طالب ہاشمی صاحب کا مطالعہ برسوں سے سیرت اور سیر الصحابہ کے سلسلے میں بہت گہرا ہے اور ان کی نظر ماخذ پر ہے۔ اس لحاظ سے ان کی یہ کتاب مستند حیثیت رکھتی ہے۔

اسکولوں اور دیہات کی لائبریریوں اور بلدیاتی دارالمطالعوں میں اس کتاب کو ضرور جگہ ملنی چاہیے۔

"پکار" رفتار کار نمبر مدیرہ : تسنیم اقبال فرحت ۔ دفتر رابطہ : ۱۸/۸ شاد باغ ، لاہور ، ۳۹۔ ترجمان : اسلامی جمعیت طالبات پاکستان ۔ قیمت فی شمارہ : ۴/۔ روپے

یہ رسالہ اعلیٰ تعلیم کے مراحل طے کرنے والی محب اسلام ، پردہ پسند اور سرگرم عمل طالبات کا رسالہ ہے۔ پیش نظر شمارہ سالانہ اجتماع ۱۹۸۵ء کے دروس ، تقاریر اور کارکنوں کی رپورٹوں پر مشتمل ہے۔ طالبات کی اپنی محنت بڑی قابل قدر اور امید افزا ہے۔